ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (499)

07.10.24

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 30 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ پراپرٹی کے مقدمات میں جلد ریکوری کر کے رپورٹ پیش کریں، تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، شہریوں کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 30 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کئے۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کر کے براہ راست جواب طلبی کی۔ کھلی کچہری میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران سے کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں مقدمات کی پراگریس لی۔ ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کر کے مدعی مقدمہ کے حوالے کر کے رپورٹ جمع کروائیں۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت میرٹ پر حل ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جارہی ہے، سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور یہی ہمارا اولین فرض بھی ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر منعقد کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل دریافت کرنے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((500

07.10.24

**بہاولپور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں ٹریفک پولیس بہاول پور نے ماہ ستمبر 2024 میں کل 18873 چالان اور 1 کروڑ روپے 16 لاکھ سے زائد کے جرمانے کئے۔ضلع بھر میں 18 سال سے کم عمر موٹر سائیکل اور گاڑی چلانے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری۔ہر شہری موٹر سائیکل چلاتے ہوئے ہیلمٹ کا استعمال ضرور کریں،قانون کی پاسداری ہم سب پر فرض ہے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ ٹریفک پولیس نے گزشتہ ماہ میں چالان اور کئے جانے والے جرمانوں کے متعلق تفصیلی رپورٹ جاری کردی۔چالان کی مد میں ٹریفک پولیس بہاولپور نے بغیر رجسٹریشن گاڑیوں کے 2042،بغیر لائسنس 7062،تیز رفتاری 191،لائن لین کی خلاف ورزی پر 2993 چالان جبکہ کالے شیشوں والی وہیکلز کیخلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 2469 چالان کئے گئے۔اسی طرح کم عمری کے 2168،ہیلمٹ استعمال نہ کرنے والوں کے 1571، دوران ڈرائیونگ موبائل فون کا استعمال کرنے والوں کے 293 چالان اور دیگر 85 چالان سمیت کل 18873 چالان عمل میں لائے گئے۔ٹریفک پولیس بہاولپور نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر گزشتہ ایک ماہ میں 01 کروڑ روپے 16 لاکھ سے زائد کے جرمانے کئے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی پروگرامز کا سلسلہ جاری ہے اور اس حوالے سے شہریوں کو رہنمائی بھی فراہم کی جا رہی ہے۔شہریوں سے گزارش ہے کہ پریشانی سے بچیں اپنے کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل اور گاڑی استعمال نہ کرنے دیں۔قانون کی پاسداری ہم سب پر فرض ہے۔جاری کردہ احکامات پر عمل درآمد کر کے ہم بہت سی قیمتی جانوں کو ضائع ہونے سے بچا سکتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ ٹریفک پولیس نے گزشتہ ماہ کی چالان اور جرمانوں کے متعلق تفصیلی رپورٹ جاری کردی